بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شعبہ تعلیم لجنہ اماء اللہ یو۔کے
تعلیمی نصاب برائے ماہ
جون 2026

1۔ قرآن کریم

سُوۡرَۃُ الۡغَاشِیَۃِ" کی آیات 17-21 بمعہ ترجمہ و تفسیر پڑھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

- آیت نمبر 18 میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے "کیا وہ اونٹوں کو نہیں دیکھتے کہ وہ کس طرح پیدا کیے گئے ہیں" اس آیت کی تفسیر میں اہل مکہ اور مسلمانوں کے درمیان کیا فرق بیان کیا گیا ہے؟
- آیات نمبر 20 اور 21 میں اس بات کی مثال دی گئی ہے کہ پہاڑ کس طرح قائم کیے گئے ہیں اور زمین کس طرح بچھائی گئی ہے۔ تفسیر کے مطابق، یہ آیات اور ان سے پہلے والی دو آیات (18-19) ہمیں ایک سچے مومن کی صفات کے بارے میں کون سا اہم اخلاقی سبق سکھاتی ہیں؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 79–83
تفسیرِ کبیر صفحہ نمبر 139-146:
https://new.alislam.org/library/books/quran-urdu-tafseer-e-kabeer-12?option=toc&page=143

2۔ حدیث (جنرل میٹنگ)

اولاد کا بھی اکرام کرو اور انہیں بہترین تربیت دو

أَخۡبَرَنِي الۡحَارِثُ بۡنُ النُّعۡمَانِ قَالَ: سَمِعۡتُ أَنَسَ بۡنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ عَنۡ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَكۡرِمُوا أَوۡلَادَكُمۡ وَأَحۡسِنُوا أَدَبَهُمۡ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ اپنی اولاد کی بھی عزت کیا کرو اور ان کی تربیت کو بہترین قالب میں ڈھالنے کی کوشش کرو۔

- یہ حدیث ہمیں والدین کی اولاد کے لیے ذمہ داریوں کے متعلق کیا سبق سیکھاتی ہے؟
- ہم اپنے بچوں کے لیے اعلیٰ نمونہ کس طرح قائم کر سکتے ہیں تاکہ ان کے اندر ایک سچے مومن کی اخلاقی صفات اور بہترین آداب پیدا ہو سکیں؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 95-98

3۔ملفوظات

تقریر حضرت اقدس علیہ السلام۔18 جنوری 1898ء

سچی نماز

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں اس مقام پر انسان کی روح جب ہمہ نیستی ہو جاتی ہے تو وہ خدا کی طرف ایک چشمہ کی طرح بہتی ہے اور ماسویٰ اللہ سے اُسے انقطاعِ تام ہو جاتا ہے۔

- حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اتصال کے وقت کن دو جوشوں کا ذکر فرمایا ہے؟
- نماز کس طرح ایک "روشن چراغ" بن کر ہمیں ان تمام چیزوں سے محفوظ رکھنے میں مدد دے سکتی ہے جو ہماری راہ میں رکاوٹ بنتی ہیں؟
-

ذرائع: تعلیم نصاب۔صفحہ نمبر 102-103

4۔تاریخِ اسلام۔سیرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تصنیف حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ ایم اے

اس کتاب میں حضرت مرزا بشیر احمد صاحبؓ نے قریش کے ساتھ صلح گفتگو کے آغاز کے متعلق بیان فرمایا ہے۔ تعلیم نصاب میں بیان کیے گئے اس مضمون کا مطالعہ کریں۔

- آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صلح حدیبیہ کی وادی کے قریب مقیم رئیس بُدَیل بن ورقا اور اس کے ساتھیوں سے کیا تجویز بیان فرمائی؟
- قریش نے یہ تجویز سن کر کیا ردِ عمل ظاہر کیا؟
- قریش کے سردار عروہ بن مسعود نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تجویز پر کیا اظہار کیا، اور اس نے قریش کے لوگوں سے کیا کہا؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔صفحہ نمبر 109-110

5۔ کتاب: گناہ سے نجات کیوں کر مل سکتی ہے؟
تصنیف حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتاب کا مطالعہ کریں اور درج ذیل نکات پر غور کریں۔

- معافی اور بخشش کے بارے میں مسلمانوں اور عیسائیوں کے نظریات میں کیا فرق ہے؟
- حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے گناہ سے بچنے کے لیے کیا تلقین فرمائی ہے؟

ذرائع کتاب: گناہ سے نجات کیوں کر مل سکتی ہے؟

Audio Book Urdu



click to read



click to read